**ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,**
**ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003**

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**Malleshwaram, Bengaluru – 560 003**

**2023-24ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ**
**S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER – 2023-24**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

ಸಮಯ : 3 ಗಂಟೆ 15 ನಿಮಿಷಗಳು ] ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ : **12-U**

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] **Subject Code : 12-U**

**CCE-RF : ಶಾಲಾ ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಗಳು / Regular Fresh**

---

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6**

1. ’’خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔‘‘

یہ مرکب جملہ کہلاتا ہے، کیونکہ

(A) اس میں ایک مسند اور ایک مسند الیہ ہے۔

(B) اس میں بہت سے الفاظ ہیں۔

(C) یہ طویل جملہ ہے۔

(D) یہ دو مفرد جملوں سے بنا ہے۔

2. ان جملوں میں جملۂ فعلیہ ہے۔

(A) ہندوستان مختلف تہذیبوں کا گہوارہ ہے۔

(B) اُردو شیریں زبان ہے۔

(C) بچوں نے پوٹلی کھولی۔

(D) نوجوان ملک کی طاقت ہیں۔

3. مرکب مطلق کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

4. چال جیسے کڑی کمان کا تیر

دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کا نام ہے۔

(A) صنعتِ تشبیہہ (B) صنعتِ استعارہ

(C) صنعتِ تلمیح (D) صنعتِ تضاد

5. ارکان کی تکرار سے جب کوئی خاص وزن پیدا ہوتا ہے تو اسے کہتے ہیں۔

(A) رُکن (B) بحر

(C) عِلم عروض (D) صنعت

6. وہ نظم جس میں ردیف اور قافیہ کی پابندی نا ہو، کہلاتی ہے۔

(A) پابند نظم (B) آزاد نظم

(C) مثنوی (D) مرثیہ

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

7. شہادت : گواہی :: پامال : .........

8. مہتاب : آفتاب :: بدبو : .........

9. غُل پڑنا : محاورہ :: گدھا کیا جانے زعفران کی قدر : .........

10. ذائقہ : مذکر :: آرائش : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **7 x 1 = 7**

11. مزدلفہ میں قیام کے دوران حضور ﷺ نے کون کونسی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں ؟

12. مولانا ابوالکلام آزاد کے بیانات کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا ؟

13. زعفران کا نباتیاتی نام کیا ہے ؟

14. موسیقی کے مقابلے میں خُسرو نے کس کو شکست دی ؟

15. اونٹوں کے چرانے والے سے مراد کون ہیں ؟

16. اقصائے عالم میں بہار کے آنے کا اعلان کس نے کیا ؟

17. مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

18. بدایوں پہلے کیسا شہر تھا ؟

19. پنڈت نہرو نے جوشؔ اور کنور مہندر سنگھ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت کیوں دی ؟

20. مولانا ابوالکلام آزاد کم سے کم اور نرم الفاظ میں کیا کہنا چاہتے ہیں ؟

21. مصنف نے برسبیل تذکرہ لالہ کرپاشنکر جی سے کیا کہا ؟

22. زعفران کے پودے کو دائمی پودا کہنے کی وجہ کیا ہے ؟

23. حضور ﷺ کے دنیا میں تشریف لانے سے پہلے دنیا کی کیا حالت تھی ؟

24. بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

25. حضرت امام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟

26. ''سرحدوں کا جال''، نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟

27. اعجاز احسنی نے اپنی رباعی میں سماج کی کس برائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 11 x 3 = 32

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''یہ چیلنج تھا اور بچے ہمہ وقت ہر چیلنج قبول کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔''

29. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

30. ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھیے :

31. محمد رفیع انصاری

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھیے :

32. جوشؔ ملیح آبادی

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. آغوش میں ساحل کے، کیا لطفِ سکوں اس کو
یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے

34. ذرا سا تو دل ہوں، مگر شوخ اِتنا
وہی ''لن ترانی'' سُننا چاہتا ہوں

35. سب کا تو مداوا کرڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

ذیل میں دیئے گئے الفاظ کے ساتھ مناسب لاحقوں کو جوڑ کر مرکبات بنائیے :

36. (حق، گر، عین، بیت، دین، تر ) :

(i) شاہِ ........... چشمِ...........

(ii) خاصانِ........... نورِ...........

(iii) نوحہ........... اہلِ...........

37. جملۂ فعلیہ کسے کہتے ہیں مع مثال لکھئے۔

38. صنعتِ تلمیح کسے کہتے ہیں مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تکرار کسے کہتے ہیں مع مثال لکھئے ؟

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : **5 x 4 = 20**

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال

41. حجۃالوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضور ﷺ حُسنِ معاشرت سے متعلق کیا اِرشاد فرمایا ؟

42. امیر خُسرو کی شاعرانہ اور فن کارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

یا

جواہرلال نہرو کی اُردو دوستی پر روشنی ڈالئے۔

43. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

حضور ﷺ بڑے مہمان نواز تھے۔ آپ ﷺ کے یہاں مسلمان مشرک اور کافر سب ہی مہمان ہوتے۔ آپ ﷺ سب کی خاطر کرتے اور خود ہی سب کی خدمت کرتے۔ کبھی ایسا ہوتا کہ مہمان آجاتے اور گھر میں جو کچھ موجود رہتا وہ اُن کو کھلا دیا جاتا اور پورا گھر فاقہ کرتا۔

ایک دفعہ آپ ﷺ کے یہاں ایک کافر مہمان ہوا۔ آپ ﷺ نے ایک بکری کا دودھ اس کو پلایا۔ وہ سب دودھ پی گیا۔ آپ ﷺ نے دوسری بکری منگوائی۔ یہ اسکا بھی دودھ پی گیا۔ غرض سات بکریوں تک نوبت آئی جب تک اس کا پیٹ نہ بھر گیا آپ ﷺ دودھ پلاتے گئے۔

آپ ﷺ گھر میں رہتے تو گھر کے کام و کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے۔ اپنے پھٹے کپڑے آپ ہی سی لیتے، اپنے پھٹے جوتے خود گانٹھ لیتے۔ بکریوں کا دودھ اپنے ہاتھوں سے دوہتے، مجمع میں بیٹھتے تو سب کے برابر ہو کر بیٹھتے، مسجد نبوی کے بانٹنے میں اور خندق کو کھودنے میں سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپ ﷺ نے بھی کام کیا۔

سوالات :

(i) آپ ﷺ نے ایک کافر مہمان کی مہمان نوازی کس طرح کی ؟

(ii) آپ ﷺ گھر میں رہتے تو کیا کیا کرتے تھے ؟

**VII.** **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** **1 x 5 = 5**

44. اپنے میر معلم کے نام سندِ تبادلہ (T.C.) کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

**یا**

اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں تمہاری اسکول میں منائے گئے کسی جشن کا ذکر ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : **1 x 5 = 5**

45. (i) چندرایان-3 بھارت کی ترقی کا مظہر ہے۔

یا

(ii) ماحول کی آلودگی اور اسکا تدارک

DO NOT WRITE ANYTHING HERE